Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بر ۴ } مطبوعہ روز شنبہ تاریخ یکم رجب المرجب ۱۳۵۲ھ مطابق ۲۱ اکتوبر ۱۹۳۳ء } جلد ۴

حصّۂ اوّل

خلاصہ احکام اجلاس ہمایوں اعلحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۱	عطائے اجازت بغرض روانگی بلفٹننٹ کرنل ایمبر جعفی کمانڈنگ افسر رضا انفنٹری بتمام پلی	۲
۲	رخصت لے۔ ایچ۔ سی۔ لشوئز	۲
	قائمی سلسلۂ ملازمت امانت علی احمد۔	۲
۳	روبکار بابت قائمی سروسز سلکشن بورڈ	۳
۳	منظوری الاؤنس جیلر صاحب زندان برائے روانگی ٹریننگ بہ سنٹرل جیل لکھنؤ۔	۵

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:- واقع ۱۴ اکتوبر ۱۹۳۳ء

بربنائے پیشی یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۴ اکتوبر ۱۹۳۳ء با استدعائے عطائے اجازت بہ لفٹنٹ کرنل امیر تقی کمانڈنگ افسر فرسٹ ایمپیور رضا انفنٹری بغرض شرکت امتحان دہلی تا ختم امتحان

حکم

بموجب رپورٹ لفٹنٹ کرنل امیر تقی کمانڈنگ افسر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کو پروموشن ایگزامنیشن دہلی میں تا ختم امتحان شرکت کی اجازت دیجاتی ہے کاغذات برائے کارروائی ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں

دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۴ اکتوبر ۱۹۳۳ء دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم:- واقع ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء

نمبر یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر با تجویز صدر حکم منظوری رخصت یکماہہ مسٹر اے۔ ایچ۔ سی لشوتز شاہرداماں فنانس روپیہ ۸ ماہوار بنتعلق ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء لغایت ۱۴ نومبر ۱۹۳۳ء بغرض جانے بیرون شہر

بموجب رپورٹ اے۔ ایچ۔ سی۔ لشوتز کی ایک ماہ کی

رخصت منظور ہے۔

کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ از سررشتہ جدید صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم و ملکہم)

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم واقع ۱۵ جنوری ۱۹۳۳ء

نمبر یادداشت صاحب چیف منسٹر بہادر باستدعائے قائمی سلسلہ ملازمت امانت علی اہلمد اجلاس خاص شاہرہ دار پندرہ روپیہ جو کہ یکم ستمبر ۱۹۳۳ء کو دفتر حاکم صاحب صدر سے تخفیف ہوا تھا اور ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۳ء کو اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر میں اہلمد مقرر ہوئے)

حسب رپورٹ امانت علی اہلمد کے سلسلہ ملازمت کا قائم رکھا جانا منظور ہے۔ ایام علیحدگی کی تنخواہ نہیں دیجائے گی۔ کاغذات برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

دستخط حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ ہذا سے احکام ضابطہ جاری ہوں ۱۵ اکتوبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

روبکار:-

(واقع ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۳ء)

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

مابدولت واقبال نے اپنے فرمان مصدرہ ۲۰ اکتوبر ۱۹۳۲ء میں اعلان فرمایا تھا۔ کہ ایک فہرست امیدواران ملازمت کی تیار کیجائے اور نیز یہ کہ ہم ایک بورڈ مقرر فرمائیں گے جو بعد امتحان امیدواران غور کرکے منتخب شدہ اشخاص کی ایک فہرست تیار کریگا۔

مابدولت واقبال حسب ذیل اصحاب کا ایک سروسز سلکشن بورڈ مقرر فرماتے ہیں۔

(۱) صاحب فائننس منسٹر بہادر (چیرمین)

(۲) صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر (ممبر)

(۳) [illegible] جناب صاحب [illegible] ڈیوڑھی (ممبر سکریٹری)

سروسز سلکشن بورڈ تمام سول محکموں میں افسران صیغہ جات کے ماتحت جتنے بھی ملازمان ہوں انکے انتخاب کا مجاز ہوگا۔ مابدولت واقبال حکم فرماتے ہیں کہ محکمہ کی ملازمتوں میں باشندگان رامپور کو ترجیح دیجائے اور باہر کے اشخاص کو صرف اسی حالت میں ملازم رکھا جائے۔ جب کہ اس قابلیت وتجربہ کا آدمی ریاست کے باشندگان میں دستیاب نہ ہو۔

آئندہ اگر باہر کے اشخاص کے تقرر کی ضرورت پیش آئے تو کاغذات اجلاس ہمایوں میں برائے منظوری پیش ہونے سے پیشتر سروسز سلکشن بورڈ کے پاس جائیں۔ اور بورڈ اس امر کی تصدیق کرے کہ آیا واقعی باشندگان رامپور میں سے کوئی شخص اس عہدہ کے قابل دستیاب نہیں ہوسکتا

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا برائے تعمیل صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی جملہ منسٹر صاحبان بہادر وجملہ سکریٹری صاحبان بہادر وتمام افسران صیغہ ریاست کے پاس بھیجی جائے۔ ایک ایک نقل ہائیکورٹ وکونسل خاندان کو بھیجی جائے۔

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۳ء (دستخط جناب چیف منسٹر بہادر)

روبکار:-

(واقع ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۳ء)

کاغذات مسلکہ ملاحظہ ہوئے۔ بموجب رپورٹ جیلر زندان کو ٹریننگ کے لئے لکھنؤ سنٹرل جیل بھیجنے کی اجازت دیجاتی ہے۔ جیلر زندان ۳ ماہ تک ٹریننگ کریں گے۔ اخراجات کرایہ مکان۔ سواری۔ خوراک وغیرہ کے لئے ۱۰۰ (سو روپیہ) ماہوار الاونس مقرر کیا جاتا ہے۔ مصارف الاونس کیلئے تین سو روپیہ کی ضرورت ہے۔ منجملہ رقم ہذا کے مبلغ ایکسو اٹھاسی روپیہ عیدوردی قیدیان سے منتقل ہونگے بقیہ مبلغ ایکسو بارہ روپیہ کی مد مشاہرات سے منتقلی منظور ہے۔ ایام ٹریننگ میں نائب جیلر کام کے ذمہ دار رہینگے۔ منتقلی رقم کا اجلاس ہمایوں میں نوٹ کرلیا جائے۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی اجرائے احکام ضابطہ صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو

(دستخط بندگانعالی دام اقبالہم وملکہم)

بتعمیل حکم ہمایوں سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں بعد اجرائے احکام اصل کاغذات جناب صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں بھیجے جائیں ۱۰ اکتوبر ۱۹۳۳ء (دستخط جناب چیف منسٹر بہادر)